امرناتھ کا

# کابلی خان

काबली खान

اداکاران

مُکری - ہیلن - اجیت
جینت - الیاس

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

# گانے

کابلی خان فلم کے

گانا نمبر ۱

اے حضرت یہ پہلی ادا اللہ قسم بس پہلی ادا
ابھی سے ہوئے جاتے ہو فدا

اے حضرت ـــــ

رازِ دل نظر سے ہے چھلکا سا
یہ تو اشارہ ہے اک ہلکا سا
ابھی سے جو ہوا مستانہ دیوانہ
تو اسی کا نگہبان خدا

اے حضرت ـــــ

کب سے دیکھیں ادائیں تم نے ساری
شعلے نے اڑائی ایک چنگاری
اگر یہ سچ مچ کہیں ڈولا یہ شعلہ
تو دے گا محفل کو جلا

اے حضرت ـــ

گھائل ہے میرا دل تم کیا جانو
قاتل ہوں کہ بسمل تم کیا جانو
میں جیلی نہیں کدھر کوئی نہ جانے
مگر دیئے جاتی ہوں یہ صدا ۔ اے حضرت ـ

گانا نمبر ۲: - نذرانہ لو دِل کا لائی ہوں صنم
ہمارے جیسا دِل تو دلبر ذرا ہوتا ہے کم
نذرانہ لو ———

تم دُور دُور جاؤ جی بہاروں کی طرح
ہم راہ میں مِل جائیں گے نظاروں کی طرح
پھرتے ہی رہتے ہیں ہوئے جب سے تمہارے ہم
نذرانہ لو ———

جس میں تیرا خمار ہے وہ مینا ہے وہی
تصویر جس میں تیری ہے یہ آئینہ ہے وہی
یہ تحفہ ایسا ہے کبھی شعلہ کبھی شبنم
نذرانہ لو ———

چاہے تو ایک کا افسانہ بھی کر دے
ہوشیار رہنے والے کو دیوانہ بھی کر دے
یہ دیوانہ تیرا ہے خدا رکھے نہیں ہے کم
نذرانہ لو ———

گانا نمبر ۳: کھنچے کھنچے سے نظر چرائے ہوئے نظر سے
اُنہیں سلام جو بیٹھے ہیں سر جھکائے ہوئے
اُنہیں سلام ———

ابھی خفا تھے خود ہی مسکراتے ہیں
کبھی کبھی تو ادھر دیکھتے بھی جاتے ہیں
مگر خیال کہیں اَور ہی لگائے ہوئے

THIS EBOOK IS DOWNLOADED FROM
SHAAHISHAYARI.COM

LARGEST COLLECTION OF URDU
SHERS, GHAZALS, NAZMS AND EBOOKS.

اُنہیں سلام ــــ

دلوانے پن کا یہ ہم پر عجب نشہ چھایا
ابھی یہ پاؤں ہمارے ہیں ڈگمگائے ہوئے

اُنہیں سلام ــ

گانا بمبر۲: ـ صلے اللہ زُلف کالی کالی

ہم دردمندوں کے والی

صلے اللہ زُلف کالی

تم پہ کھلی آسمانوں کی راہیں
تم سے ملی ہیں خطا کی نگاہیں
ہم بھی زمیں کیوں جھکانا نہ چاہیں
تم پہ جھکا عرش عالی

صلے اللہ زُلف کالی ــ

صبا تو اُن سے کہنا میرے سلام کے بعد
تمہارے نام کو رٹتا ہے خدا کے نام کے بعد
اُٹھا دو پھر سے گھٹائیں سیاہ کملی کی
بہار جلوہ دکھائے خزاں کی شام کے بعد

اے باغ اُلفت کے مالی مالی

صلے اللہ زُلف کالی کالی

نہ دوستی نہ دشمنی رہے قرینے کے
کہاں کا عیش کہ لالے پڑے ہیں جینے کی
دلوں میں داغ ہے چہروں پہ گرد ہے غم کی

اِدھر بھی اِک نظر بادشاہ مدینے کے
اے درد مندوں کے دانی وانی

گانا نمبر ۵ چلو جھومتے سر سے باندھے کفن
لہو مانگتی ہے زمین وطن
جہاں ہم جئیں جہاں ہم پلیں
زمیں ہے وہ دشمن کے قدموں تلے
زمین مت کہو ہے وہ اپنا بدن اپنا بدن
چلو جھومتے ــــ

مخالف کئی اور اِک آشیاں
کہیں پر بگولے کہیں آندھیاں
ارے لٹ نہ جائے ہمارا چمن ۔ ہمارا چمن
چلو جھومتے ــــ

ملا لو قدم اور نظر تان لو
جو غدار ہیں ان کو پہچان لو
کہ ہیں کارواں بیں چھپے راہزن ۔ چھپے راہزن
چلو جھومتے ــــ

چلے سر لئے ہتھیلی پہ ہم
کہ مرنا وطن پہ ہمارا چلن ۔ ہمارا چلن
چلو جھومتے ــــ

گانا نمبر ۶ یا حبیبی حبیبی میرے دل کے قریبی
نہ جانا دور کہیں دل سے میری جان

پھر وہی ساتھی دم ساز وہی ہے
یا وہی یار کا انداز وہی ہے
ہے یار کے انداز پہ دِل رقصندہ
نظر غزل خواں یا ﷲ یا —
پی نہیں لیکن ہو جیسے پیئے جل
جھوم کے پھر آ ہی گئے ساتھی ہم
ہو آج حسین ساز پہ رقصندہ
یا ﷲ یا —
کس نے پکارا ہمیں یہ غزل خواں ہے
ایسے ہیں دیوانوں کو فرصت ہی کہاں ہے
ہے ایک ہی انداز پہ دِل رقصندہ نظر
یا ﷲ یا


## عملیات تعویزات کی لاجواب کتابیں
ختم شد

| | |
|---|---|
| عملیات تسخیر عالم -/3/1 | عملیات لکشمی کرن -/1/2 |
| عملیات تسخیر محبوب -/4/1 | اندر جال -/8/1 |
| عملیات قلوب -/1/2 | استاد جادوگر -/1/3 |
| مکمل جادوگری -/8/2 | جادو مسمریزم -/1/2 |
| بنگال کا جادو -/12/ | کالا جادو -/1/4 |

زفن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

# صنعت و حرفت ٹیکنیکل اور میکینک

## دستکار اور

# مستری بنانے والی کتابیں

| | | | |
|---|---|---|---|
| الیکٹرک گائیڈ | 4/-/- | رنگنے کا ہنر | 2/-/- |
| ورکشاپ گائیڈ | 4/-/- | مکمل فوٹوگرافی | 2/8/- |
| موٹر گائیڈ | 4/-/- | روشنائی سازی | 2/-/- |
| کروڈ آئیل | 5/-/- | خوبصورت بچو | 1/8/- |
| تیل عطر سازی | 2/-/- | شیشہ سازی | 2/-/- |
| گھڑی سازی | 2/8/- | اچار مربے چٹنی | 1/8/- |
| ریڈیو گائیڈ | 4/-/- | باورچی خانہ | 2/8/- |
| صابون سازی | 1/8/- | مجموعہ فالنامہ | 1/-/- |
| وشکرما درپن | 6/-/- | ٹریکٹر گائیڈ | 4/-/- |
| الیکٹرک وائرنگ | 4/-/- | خزینہ پیمائش چوب | 1/4/- |
| خراد شکشا | 3/-/- | کپڑے دھونے کا ہنر | 2/-/- |
| آئل انجن گائیڈ | 5/-/- | کاشتکاری باغبانی | 4/-/- |
| تمباکو کی دوکان | 2/-/- | بیکری بسکٹ بنانا | 2/-/- |
| بوٹ پالش بنانا | 2/8/- | آسان انگلش ٹیچر | 2/-/- |
| سینما مشین آپریٹر | 4/-/- | دھوپ اگربتی بنانا | 1/8/- |

## رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

# آسان اُردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اسکو کافی پریشانی اٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اُردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف ۔/۱۔۲ محصولڈاک معاف

# اُردو ہندی ٹیچر

آجکل اُردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف ۔/۸/ محصولڈاک معاف

## رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

(سودیشی پریس دہلی)

THIS EBOOK IS DOWNLOADED FROM
SHAAHISHAYARI.COM

LARGEST COLLECTION OF URDU
SHERS, GHAZALS, NAZMS AND EBOOKS.